پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو ۔ کینیڈا

قیمت ۵۰ سینٹ

۲۲ ربیع ... ۱۹۸۵ء ۔ ... اگست ...

بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد نمبر ۱ شمارہ نمبر ...

مسلم لیگ ٹکٹوں کا حل ہے سورج

اس سے اندھیرا چھا جائے گا

[illegible]

شاہنواز بھٹو کی میت خاندان کے حوالے کر دی گئی

میت پاکستان میں دفن کرنے کا فیصلہ کیا گیا تو فرانس میں ضروری کارروائیوں کی تکمیل میں مزید دس دن لگ جائیں گے

فرانسیسی جج نے پُراسرار موت کی تحقیقات بند کر دی ہیں

میت ۱۴ یا ۱۶ اگست کو کراچی پہنچانے کی کوشش کی جا رہی ہے

مرحوم شہزادہ ... والدہ محترمہ نصرت بھٹو کے ساتھ ...

[illegible]

بے نظیر کا سیاہ لباس

کھڑکی کا بہت ... سیاہ تھا

چہرہ پر پریشانی و افسردگی

خواتین گلے ... کر زار و قطار روئیں

شاہ نواز ... ماتھا چوما

جتوئی صاحب ساکت بیٹھے رہے

لاڑکانہ میں پیپلز پارٹی کے ...

تعزیتی اجتماع کی جھلکیاں

[illegible]

مجھے گرفتاری کا ڈر نہیں بھائی کی میت لیکر پاکستان ضرور جاؤں گی ۔ بے نظیر

شاہنواز کا انتقال کیسے ہوا؟ کچھ سمجھ میں نہیں آتا، پوسٹ مارٹم اور تحقیقاتی رپورٹ کی تکمیل میں مزید ہفتے لگیں گے ۔ جنگ سے بات چیت

فرانسیسی پولیس کی تحقیقات کا کچھ نہ کچھ نتیجہ ضرور برآمد ہوگا

غیر ملکی اخبارات اور نشریاتی اداروں کی ... خبریں ...

[illegible]

قانون کے محافظ

[illegible]

[illegible]

Member of The Canadian Association of Pakistani Media

رنگ و نسل و مذہب کی بنیاد پر تفریق نہ کی جائے، ترقی پسند تحریک کا اعلامیہ

بھارتی مندوب کو پاکستان کے داخلی معاملات پر تنقید نہیں کرنی چاہیے: سبط حسن

عبداللہ ملک نے افغانستان کے حق میں تجویز سردار جعفری کی مداخلت پر واپس لے لی

[illegible]

رانی جیل میں خوش ہے

کھانا احتیاط سے کھاتی ہے اور ورزش کرتی ہے

جیل میں رنگین ٹیلیویژن اور وی سی آر بھی ہے، بیٹی کے نام خط

رہائی کے بعد اسمارٹ اور کم عمر نظر آؤں گی

مصیبت میں لوگ ساتھ چھوڑ جاتے ہیں

لاہور (رپورٹنگ ڈیسک) سابق صدر یحییٰ خان کے دور اقتدار میں شہرت کی بلندیوں پر پہنچنے والی گجرات کی اقلیم اختر رانی امریکہ کی ایک جیل میں انتہائی خوش و خرم زندگی بسر کر رہی ہے اور وہ خود کو جوان رکھنے کیلئے ورزش اور خوراک کے معاملے میں انتہائی احتیاط سے کام لے رہی ہے۔ [illegible]

مہدی حسن کے گلے کا آپریشن

کراچی (نمائندہ جنگ) پاکستان کے غزل کے بادشاہ مہدی حسن کا آج گلے کا آپریشن کیا گیا۔ آپریشن ممتاز سرجن ڈاکٹر جلیسی اور [illegible] مہدی حسن کو دو تین دن میں اسپتال سے رخصت کر دیا جائے گا اور ان کی آواز پہلے سے بھی بہتر ہو جائے گی۔

پاکستانی کھلاڑی ذمہ داری سے نہیں کھیلتے: حنیف محمد

انگلش کاؤنٹیز کے لئے کھیلتے ہوئے ان کی سوچ کا انداز مختلف ہوتا ہے۔

[illegible]

ظہیر عباس کو ورلڈ الیون میں شامل کر لیا گیا

اکتوبر میں اوول کے میدان پر ویسٹ انڈیز کے خلاف کھیلیں گے۔

[illegible]

عمران خان کپتان ہوں گے!

کراچی — کرکٹ کنٹرول بورڈ کے قریبی حلقوں کے مطابق پاکستان کے ممتاز آل راؤنڈر اور چیمپین عمران خان سے کہا جائے گا کہ وہ اکتوبر میں پاکستان کا دورہ کرنے والی سری لنکا کی ٹیم کے خلاف کھیلنے والی پاکستانی ٹیم کی قیادت کریں۔ کہا گیا ہے کہ کرکٹ کنٹرول بورڈ کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل غلام صفدر نے عمران خان سے اس بارے میں گذشتہ ہفتے لندن میں بات چیت کی تھی۔

علی زیب کی بمبئی روانگی

[illegible]

روس کے ایک علاقے میں مسلمان نماز ادا کرنے کے بعد واپس آ رہے ہیں۔

روسی وسطی ایشیا میں ۲۴ ہزار میں صرف ۳۰۰ مساجد زیر استعمال ہیں

شاہراہوں کے نام روس کی کہانی بیان کرتے ہوئے نظر آتے ہیں

[illegible]

سرکاری مسلم لیگ کا حشر ایوب خان کی مسلم لیگ جیسا ہوگا

حکمرانوں کا ماضی کے تجربات سے فائدہ نہ اٹھانا افسوسناک ہے۔ شوکت حیات

[illegible]

مسلم لیگ کو ہائی جیک کیا جا رہا ہے۔ معراج خالد

بعض اراکین اسمبلی پانچ سالہ میعاد کا تحفظ چاہتے ہیں۔

[illegible]

بینظیر سے اظہار تعزیت کے لئے [illegible] ولی خان اور بیگم نسیم ولی خان پیپلز پارٹی کے دفتر پہنچے۔

مختصر اشتہارات

مختصر اشتہارات کا معاوضہ
صرف 10 ڈالر ہے
جس کی ادائیگی پیشگی ضروری ہے

مندرجہ ذیل رشتوں میں دلچسپی رکھنے والے اشتہار نمبر کے حوالے سے "الہلال" کی معرفت خط لکھیں۔ پتہ ہے:

ADVERTISEMENT No......
C/O AL-HILAL
338 HOLLYBERRY TRAIL
NORTH YORK, ONT.
M2H 2P6

* * *

اشتہار نمبر (۲۸): کینیڈین امیگرنٹ، برسر روزگار، سلیقہ شعار، قبول صورت، سنت الجماعت لڑکی کے لیے ۳۰ تا ۳۵ سال کے شریف اور سنجیدہ مزاج لڑکے کا رشتہ مطلوب ہے۔ لڑکی اپنے خاندان کے ساتھ ٹورانٹو میں رہائش پذیر ہے۔ خط میں فون نمبر ضرور شامل کیجئے۔

*

اشتہار نمبر (۲۹): شریف خاندان کی سنی مسلمان ۳۳ سالہ لڑکی تعلیم یافتہ کے لیے ۳۵ تا ۴۲ سالہ سنی پروفیشنل کا رشتہ درکار ہے۔ دلچسپی رکھنے والے پہلے ہی خط میں اپنا فون نمبر اور تصویر بھیجیں۔

*

اشتہار نمبر (۳۰): ۳۵ سالہ پاکستانی، سنی مسلم، کمپیوٹر میں پروفیشنل، امریکی امیگرنٹ کے لیے ۲۴ تا ۳۱ سالہ تعلیم یافتہ لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ دلچسپی رکھنے والے ٹیلیفون نمبر کے ساتھ خط لکھیں۔

* * *

معزز خاندان کے تعلیم یافتہ، خوبرو ۲۸ سالہ شیعہ امریکی شہری کے لیے خوبصورت مسلمان لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ فون کیجئے یا خط لکھیئے:

(416) 929-5937
P.O. BOX 35, STN. 'J'
TORONTO, ONT.
M4J 4X8

* * *

سنت الجماعت گھرانے کی ۲۳ سالہ امریکی شہریت رکھنے والی لڑکی کے لیے ۲۵ تا ۳۰ سال عمر کے شریف الخاندان اردو بولنے والے لڑکے کا رشتہ مطلوب ہے۔ پروفیشنل قابل ترجیح ہوں گے۔ اپنے کوائف پتہ ذیل پر روانہ کیجئے:

DR. SULTAN
645 BEACON ST., #15
BOSTON, MA 02215

احمد آباد میں مسلمانوں نے جائیداد سستے داموں فروخت کرکے فرار ہونا شروع کردیا

شہر میں مسلم کش فسادات میں مزید سات افراد ہلاک

صوبہ گجرات میں انسداد دہشت گردی کا قانون نافذ کردیا گیا

۱۹ سرکردہ شخصیتوں کو تمغہ امتیاز کی سفارش

حنیف رامے، جسٹس یعقوب، ممتاز احمد، سردار اقبال اور رفیق باجوہ ان افراد میں شامل ہیں

تباہ شدہ بھارتی طیارے سے بھارتی قونصل جنرل کی بیوی و بیٹی کی روانگی کیوں ملتوی کی گئی؟

بھارت سے دوستی کرانے کیلئے غفار خان موزوں ترین شخصیت ہیں

ایم آر ڈی اقتدار پرستوں کا ٹولہ ہے، بھٹو ازم کی موت سے سیاسی فائدہ نہ اٹھایا جائے

جماعت اسلامی کے لئے ایم آر ڈی کے دروازے کبھی بند نہیں ہوئے

دونوں میں صرف اتنا فرق ہے کہ جماعت نے تو ڑ چھوڑ نہیں کی اور انتخابات میں حصہ لیا

زعمر جمائیوں پر ٹی وی دیکھنے کی پابندی

کشتیاں دیکھنے سے بعد "لاک" لگاکر ماں کو بیہوش کردیا

دستخطوں کی مہم کے بارے میں

ابھی کچھ نہیں کہنا چاہتا۔ نور خان

راولپنڈی میں سرحدی گاندھی خان عبدالغفار خان ... میاں محمود علی قصوری کی عیادت کررہے ہیں

قومی اتحاد کے لیڈروں کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا گیا تھا

مفتی محمود کو موٹر کار کے ذریعے دوسری جگہ منتقل کیا گیا۔ مزاری

اسلام قبول کرلیا

ہماری جدوجہد پنجاب کے صرف مراعات یافتہ طبقے کے خلاف ہے۔ بزنجو

یہ ہماری غیرت کے خلاف ہے کہ دوسرے صوبے کے لوگ ہم پر گولیاں چلائیں

مارشل لاء کے آٹھ سال میں بے شمار قانونی اور انتظامی الجھنیں پیدا ہوئی ہیں

میں یقین دلاتا ہوں کہ جمہوری حکومت پرامن طور پر آئے گی۔ پارلیمانی گروپ سے خطاب

بھیجے جانے والے ... کا ملٹ دوں گا

ایڈز کے بیمار کی پولیس کو دوں گی

ملک قاسم پر پابندی



Halal Beef, Lamb, Poultry & Groceries

تازہ حلال گوشت اور مرغیاں

ZABEEHA MEAT &
GROCERY STORE
1536 Warden Avenue
SCARBOROUGH
Tele: 445-1272

خواتین کا صفحہ

لڑکیوں کی پرورش
احادیث نبوی کی روشنی میں

تحریر: [illegible]

جہالت معاشرے میں لڑکی کی پیدائش کو ناپسند کیا جاتا ہے حالانکہ لڑکیوں کی پیدائش باعث زحمت نہیں بلکہ باعث رحمت ہے۔ یہاں لڑکیوں اور یتیموں کی پرورش سے متعلق چند احادیث نقل کی جا رہی ہیں۔

خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "اگر کوئی شخص لڑکیوں کے ذریعے آزمائش میں ڈالا گیا پھر اس نے خوش دلی کے ساتھ ان کی پرورش کی اور ان پر احسان کیا تو یہ لڑکیاں دوزخ کی آگ سے آڑ بن جائیں گی" (بخاری۔ مسلم) مطلب یہ ہے کہ لڑکیوں کو کمتر سمجھنا نہیں چاہئے بلکہ ان کی پرورش بھی ایک احسان ہے جو بندہ اس احسان میں [illegible] اتنا ہی دوزخ سے محفوظ ہے۔ صدیقہ کائنات حضرت عائشہ کی خدمت میں ایک عورت حاضر ہوئی اس کے ساتھ دو بچیاں تھیں۔ حضرت عائشہ نے اس عورت کو تین کھجوریں عنایت فرمائیں اس نے ایک ایک دونوں بچیوں کو دے دی تیسری خود کھانا چاہتی تھی کہ بچیوں نے وہ کھجور بھی مانگ لی تو اس نے دو ٹکڑے کر کے وہ بھی دونوں لڑکیوں کو دے دی۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب یہ واقعہ معلوم ہوا تو آپؐ نے فرمایا "یہ عورت دوزخ سے آزاد کر دی گئی اور اس پر جنت واجب ہو گئی۔" (مسلم)

جس کے ہاں لڑکیاں ہوئیں اور اس نے ان کی پرورش کی یہاں تک کہ وہ بالغ ہو گئیں تو میں اور وہ شخص قیامت میں دونوں اس طرح ساتھ ہوں گے جس طرح بیچ کی انگلی کلمہ کی انگلی کے ساتھ ہے۔ پھر آپؐ نے انگلیوں کو ملا کر بھی دکھایا۔ (مسلم) ایک اور حدیث میں ارشاد ہوا "جس نے پرورش کی تین یا دو لڑکیوں کی، تین یا دو بہنوں کی، یہاں تک کہ وہ بالغ ہو گئیں یا مر گئیں تو جنت میں وہ اور میں دونوں انگلیوں کی طرح ملے ہوئے ہوں گے۔" (ابن حبان) "جس شخص کے یہاں دو لڑکیاں ہوئیں اور اس نے ان کے ساتھ بھلائی کی جب تک وہ اس کے پاس رہیں تو یہ لڑکیاں اس شخص کو جنت میں لے جائیں گی" (حاکم)

ایک اور حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "جو شخص اپنی لڑکی کو زندہ دفن نہ کرے نہ اس کو ذلیل سمجھے اور نہ بیٹے کو بیٹی پر مقدم کرے تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو جنت میں داخل کرے گا۔" (ابو داؤد) بیٹے کو مقدم کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اس کو پیار زیادہ کرے یا کوئی شے کریانہ ار جائے۔ سو لوازمے فرض بیٹے کو بہ نسبت بیٹی پر ترجیح نہ دے بلکہ دونوں کے ساتھ برابر کا سلوک کرے تو یہ شخص جنتی ہے۔ اور اب چند احادیث مبارک یتیم کی پرورش سے متعلق پیش ہیں۔ ارشاد فرمایا سید الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے "جو شخص یتیم کی پرورش کرتا ہے خواہ وہ یتیم اپنا ہو یا بیگانہ تو اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کرتا ہے" (بزاز) شہاب الدین قلیوبی نے اپنی نوادرات میں ایک واقعہ کا ذکر کیا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عید کی نماز کو تشریف لے جا رہے تھے۔ آپؐ نے راستے میں چند بچوں کو کھیلتے ہوئے دیکھا لیکن ایک بچے کو غمگین اور علیحدہ بیٹھے ہوئے دیکھ کر فرمایا۔ اے بچے تو کیوں غمگین ہے؟ بچے آپؐ کو پہچانتا نہ تھا اس نے ایک لمحے کی خاموشی سے جواب دیا "اے شخص! تجھے کیا خبر ہے میرا باپ ایک غزوے میں شہید ہو گیا میری ماں نے دوسرا نکاح کر لیا اور میرے باپ کا تمام مال لے کر چلی گئی دوسرے باپ نے مجھے نکال دیا اب میرا کوئی نہیں ہے نہ کوئی پرورش کرنے والا" اس پریشانی کے عالم میں غمگین بیٹھا ہوں۔" حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بچے کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا "کیا تو اس کو پسند کرتا ہے کہ محمد تیرا باپ بن جائے اور عائشہ تیری ماں ہو اور فاطمہ تیری بہن اور حسن و حسین تیرے بھائی ہوں" بچے نے عرض کیا "محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر سے تو اپنے باپ کو ہزار بار قربان کرنے کو تیار ہوں۔ عائشہ سے بہتر ماں اور خاتون جنت سے بہتر بہن اور حسنین سے اچھے بھائی مجھے کہاں مل سکتے ہیں" حضورؐ اس بچے کو مکان پر لے آئے اور حضرت عائشہ کو حکم دیا کہ اس کو کھانا کھلاؤ اور کپڑے پہناؤ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات تک یہ بچہ رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی نگرانی میں رہا۔

آپؐ کی وفات کے بعد یہ بچہ سر پر خاک ڈالتا اور روتا پھرتا تھا کہ آج میں یتیم ہو گیا جب تک حضورؐ زندہ رہے مجھے ایک دن بھی یہ نہیں معلوم ہوا کہ میں یتیم ہوں لیکن آج میں سمجھتا ہوں کہ یتیم ہو گیا۔ حضورؐ کی وفات کے بعد امام الامت خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس بچے کی کفالت فرمائی۔ ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ یتیم کی کفالت کرنے والا اور میں دونوں جنت میں اس طرح ساتھ ساتھ ہوں گے جس طرح یہ دونوں انگلیاں۔ پھر دونوں انگلیوں کو ملا کر دکھایا۔ (بخاری) "جس نے یتیم کو کھلایا پلایا تو اس کو اللہ تعالیٰ جنت میں داخل کرے گا بشرطیکہ کوئی گناہ ایسا نہ کیا ہو جو بخشش کے قابل ہی نہ ہو"۔ (ترمذی) "جس قوم کی رکھوالی پر یتیم ہوتا ہے اور کھانے میں قوم اس کو شریک کرتی ہے شیطان اس قوم کے قریب نہیں آتا"۔ (طبرانی۔ صبہانی)

"سب سے پہلے میں دروازہ جنت کا کھولوں گا۔ ایک عورت مجھ سے بھی آگے آگے جا رہی ہو گی۔ میں پوچھوں گا کون ہے وہ جواب دے گی میں وہ ہوں جو یتیموں کی پرورش کے لئے اپنے نفس کو روکے رہی اور میں نے نکاح نہیں کیا۔" (ابو یعلیٰ)

جب کوئی شخص یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرتا ہے تو اللہ تعالیٰ ہر بال کے بدلے میں اس کو ایک نیکی عطا فرماتا ہے (احمد) ایک شخص نبی آخر الزماں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور اپنی سخت دلی کی شکایت کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "یتیم کے سر پر ہاتھ پھیر، مسکین کو کھانا کھلا تیرا دل نرم ہو جائے گا۔" (احمد)

جیتی جاگتی زندگی

میرا ایک ہی بیٹا ہے جو اس کی عمر بارہ سال ہے جب سے میری ساس کا انتقال ہوا تھا ہم ابو کو اپنے پاس لے آئے تھے۔ میرے شوہر کاروبار کے سلسلے میں کافی مصروف رہتے تھے۔ اس لئے بیٹا اپنے دادا کے ساتھ بہت مانوس تھا۔ چھ ماہ قبل ان کا انتقال ہو چکا۔ میرا بیٹا ہمیشہ بہت خوش باش اور خوش مزاج تھا۔ لیکن جب سے اس کے دادا فوت ہوئے ہیں وہ بہت پریشان رہتا ہے۔ کبھی اسکول سے آتے ہی مجھ سے والہانہ طور سے لپٹ جاتا ہے۔ اور بار بار پوچھتا ہے کہ ابا آپ ٹھیک ہیں نا؟ پھر اپنے دادا کو یاد کر کے رونے لگتا ہے۔ عجیب طرح کے سوال کرتا ہے کہ کیا ہم سب بھی وہاں نہیں جا سکتے۔ وہ اکیلے ہو گئے وغیرہ۔

میں اس کی ان باتوں سے بہت پریشان ہو جاتی ہوں۔ میں اس کے دل سے دادا کی یاد کس طرح بھلا سکتی ہوں۔

ا۔ ج۔ ج۔ بر منگھم

دادا پوتے کے رشتے ایک چھتری کی مانند ہیں جس میں وہ جب چاہتا تھا پناہ لے لیتا تھا وہ اب سوچتا ہے کہ اسے زندگی کی ہر بے رحمی کو خود برداشت کرنا ہے۔ وہ اس چیلنج کو ذہنی طور پر تسلیم کر رہا ہے اور یہ لگاوٹ دادا سے تھی اب اس جگہ ماں کی توجہ کر رہی ہے۔ آپ پریشان کیوں ہیں۔ اگر وہ کچھ عرصہ بعد کو کھو نہ پائے تو وہ ڈپریشن سے چلا جاتا۔ بڑا ہوتا تو چند روز افسردہ رہ کر سنبھل جاتا۔ وہ اب والدین کے بیچ میں گھرا ہے۔ جہاں ان سے الگ ہونے کا خوف لے اپنے سے اور بھی تنگ رہا ہے۔

آپ اس کے دل سے دادا کی یاد کو بھلانے کی کوشش ہرگز نہ کریں۔ اس کے سوال کو ٹالنے کی کوشش نہ کریں۔ ورنہ وہ مزید الجھے گا۔ بلکہ اس کی بات توجہ سے سن کر اسے آسان الفاظ میں جواب دے کر آپ اپنے قریب لائیں گی۔ اسے

شوہر سے گزارش کریں کہ وہ بیٹے کو پہلے سے زیادہ وقت دیا کریں۔

فرضی معاملہ

میں ایک طالب علم ہوں۔ جس فیلڈ کی تعلیم حاصل کر رہا ہوں اس دوران میری ملاقات فائنل کی ایک لڑکی سے ہوئی۔ جب فارغ اوقات میں ہم سب مل کر بیٹھتے ہیں تو طرح طرح کی بحث مباحثہ ہوتا ہے۔ وہ بہت حاضر جواب ہے۔ ہر بات کا معقول جواب دیتی ہے۔ مگر میں نے محسوس کیا کہ وہ بار بار مجھے توجہ دیتی ہے۔ ممکن ہے یہ محض میری اپنی سوچ ہو۔ مگر اب ہم دونوں کے بارے میں چہ میگوئیاں ہونے لگی ہیں۔ اب وہ بھی بات بات پر مجھ پر طنز کرتی ہے اس کے برعکس اس کی ایک دوست مجھ سے بات چیت کرتی ہے۔ کبھی کبھار فون بھی کرتی ہے۔ میں بھی اس سے فون کرتا ہوں جبکہ میری فیلڈ والی لڑکی بھی اسے کو کہتی ہے۔ میں دن رات اس کے بارے میں سوچتا رہتا ہوں۔ مجھے نیند بھی اچھی طرح نہیں آتی۔ میں اس سے شادی کرنا چاہتا ہوں۔

(ک)

ط۔ کیا حسن ظن ہے۔ آپ ہی آپ یہ سوچ لیا کہ وہ آپ کو اہمیت دیتی تھی۔ آپ نے اسے "میری فیلڈ والی لڑکی" کا خطاب بھی دے دیا۔ ارے بھئی وہ انسان ہے کسی دوکان کا شوکیس میں سجی ہوئی کوئی شے نہیں کہ آپ نے کاؤنٹر پر قیمت ادا کی اور اسے اپنی کہہ کر ساتھ لے گئے۔ آخر اس کی بھی کوئی مرضی ہو گی۔ اگر الجھنے میں آپ کی کسی بات پر حمایت کر دی تو آپ سمجھنے لگے کہ اب یہ مجھ پر عاشق ہو گئی ہے۔ ممکن ہے اس فرضی معاملے کی ہوا آپ ہی نے اڑائی ہو۔ اس سے عجب ایسا محسوس کیجئے تو اول آپ کے وہ فقرے یہ فقرے کسے تھے۔ وہ آپ کو شادی کی حد تک کبھی اپنے جانے میں رہبر آپ اس کر شادی تک کا پروگرام بنا بیٹھے۔

ہاں اس کی دوست کا معاملہ دوسرا ہے یہ نہیں معلوم کہ وہ آپ کو اپنی طرف متوجہ کرنے کے لئے فون کرتی ہے یا آپ پر ترس کھا رہی ہے۔

مخصوص تکلیف مخصوص دوا

مجھے نہیں معلوم کہ اس کی کیا وجہ تھا۔ الرجی میری عمر ۲۳ سال کی ہوئی تو میں بہت ضرورت بچی۔ ان دنوں میں لاہور میں اپنے والدین کے ساتھ رہتی تھی۔ اور ہال سے کر چکی تھی۔ مجھے ڈاکٹر کو دکھایا گیا۔ اس نے مجھے کچھ سکون بخش دوائیں دیں۔ اور یہ مشورہ دیا کہ میری شادی ہو جانی چاہئے۔

میرے شوہر میرے خالہ زاد ہیں پاکستان آنے اور رشتہ طے ہو گیا۔ مگر دو سال تک شادی ممکن نہ تھی۔ اس دوران میں دوا کھاتی رہی پھر میں نے محسوس کیا کہ اس سے سستی کاہلی پیدا ہوتی تھی۔ اس لئے میں نے چند ہفتے ان گولیوں کا استعمال کر دیا۔

یہاں آنے کے چند کچھ عرصہ تو نئے ماحول میں گھلنے ملنے میں وقت لگا۔ پھر بچے ہو گئے میرے دو بچے ایک بیٹی اور ایک بیٹا ہے۔ ان کی عمریں پندرہ اور چودہ سال ہیں۔ جبکہ میں ۴۰ سال کی ہو چکی ہوں۔

کچھ عرصہ سے مجھ پر شدید ڈپریشن طاری ہے۔ میں بغیر کسی وجہ کے روتی رہتی ہوں۔ اور پہلے کی طرح ڈپریس ہو جاتی ہوں۔ بھائی کا مشورہ ہے کہ مجھے سکون بخش دوا کھانی چاہئے مگر میں ایک بار پھر ان دواؤں کی عادی نہیں ہونا چاہتی۔

ف۔ ق۔ ساؤتھ

ٹھیک ہے۔ آپ کی سوچ بہت مثبت ہے۔ لیکن سکون بخش دوائیں اگر بلا سوچے سمجھے کھائی جائیں تو وہ اچھے بھلے شخص کو بیمار بنا دیتی ہیں۔ اس کی ذہنی اور جسمانی توانائیاں سلب ہونے لگتی ہیں۔ بیماری طرح ہے کہ اگر اچھا خاصا شخص ذیابیطس کی دوا کھانے لگے تو وہ اسے موافق نہیں آئیں گی۔ لیکن اگر وہ واقعی ذیابیطس کا مریض ہے تو اس کے لئے پھر انسولین کھانا ناگزیر ہے۔ آپ نے خود لکھا کہ آپ لڑکپن میں ڈپریس تھیں۔ آپ کے ڈپریشن ہونے کی وجہ صرف معالج کو معلوم تھی۔ اس نے دوا دی۔ اور آپ ٹھیک ہو گئیں۔ اب آپ پھر علیل ہیں اس لئے دوا کی ضرورت ہے۔ تو پھر جیسے آپ نے پہلے کیا تھا یعنی دوا کی مقدار رفتہ رفتہ کم کر کے بالآخر ترک کر دیا۔ ایک بار پھر ویسا کیا جا سکتا ہے۔

وہ غلط سمجھے

میں آج کل بہت اداس رہتی ہوں۔ پھر بھی کالج سے آ کر بہت محظوظ ہوتی ہوں۔ مطالعے میں بالکل جی نہیں لگتا۔ کبھی کبھار تو میرا دل اتنا گھبرا جاتا ہے کہ خودکشی کرنے کی خواہش ہوتی ہے لیکن یہ سوچ کر ارادہ ترک کر دیتی ہوں کہ لوگ کیا کہیں گے۔ کوئی یہ نہیں جانتا کہ میری اداسی کی وجہ سے میں کیا ہوں۔

کبھی کبھار بلا وجہ قہقہے لگانے لگتی ہوں۔ امی ابو منع کرتے ہیں۔ مگر میں باز نہیں آتی۔ کچھ لوگ میرے ان قہقہوں سے غلط مطلب نکال لیتے ہیں۔

میں بہت ہنس مکھ ہوا کرتی تھی۔ اب تو بات بات پر میرے آنسو نکل آتے ہیں۔ لیکن سہیلیاں اور قریبی سب پوچھتے ہیں کہ کیا ہوا۔ لہٰذا مجھے کوئی ایسا طریقہ بتائیں کہ میں ایسی باتوں سے محفوظ رہوں۔

ا۔ ش۔ غ

تم صرف انتظار کرو کسی روز تمہارے اندر کی ایک الجھی ہوئی گرہ کھل جائے گی۔ بس اپنی پڑھائی کو فوقیت دو۔ تمہاری صرف یہ پریشانی ہے کہ تمہیں آگے پڑھنے کی اجازت نہیں ملی۔ لڑکی کی شادی میں کوئی جلدی نہیں۔ لیکن جب لڑکی پڑھائی کے ختم ہوتے ہی اپنے گھر کی سوچنے لگے تو پھر وہ کھل کر قہقہے لگاتی ہے۔ اتنا ڈپریشن ہوتا ہے کہ رونا بھی آنے لگتا ہے۔

اگر تم ابھی سے اپنی بات کہنے میں کامیاب ہو گئیں تو وہ جو کہیں گی تمہاری بھلائی کے لئے کہیں گی۔

ایک قاری کا خط
[illegible]

تازہ به تازہ

حق مغفرت کرے....

اردو کے معروف افسانہ نگار مرزا ریاض گزشتہ دنوں حرکت قلب بند ہونے کے نتیجے میں انتقال کر گئے۔ مرحوم گورنمنٹ کالج لاہور کے شعبۂ اردو سے منسلک تھے اور حال ہی میں ساٹھ سال کی عمر میں سبکدوش ہوئے تھے۔ انہوں نے افسانوں کے دو مجموعے "بیتاب سمندر" اور "آدھی صدی کا میلہ" اور ریڈیو ڈراموں کا مجموعہ "گمان" اور طنز و مزاح کا مرقع "نکتہ دان پیدا کئے" یادگار چھوڑے ہیں۔ ان کا ایک سفرنامہ "مسافر نواز بہتیرے" حال ہی میں شائع ہوا تھا۔

جزیرے کا سفر

ممتاز انشائیہ نگار اکبر حمیدی ان دنوں اپنے انشائیوں کا پہلا مجموعہ "جزیرے کا سفر" مرتب کر رہے ہیں۔ مصروف ہیں۔ انہوں نے اس کتاب میں اپنے چند انشائیوں کے تجزیئے شامل کرنے کا اہتمام بھی کیا ہے۔ اکبر حمیدی غزل کے معروف شاعر ہیں۔ انشائیہ نگاری کی طرف انہوں نے حال ہی میں پیش قدمی کی ہے۔

ہندوستانی کتبوں کا مطالعہ

سر سید احمد خان نے دہلی کی عمارات پر ایک نادر تصنیف "آثار الصنادید" کے نام سے پیش کی تھی۔ اب ایک ہندوستانی محقق ڈاکٹر ایس سرکار نے قدیم کتبوں کو مطالعے کا موضوع بنایا ہے اور ۵۰۰ صفحات پر مشتمل ایک نادر و روزگار کتاب شائع کی ہے۔ یہ کتاب کاغذ کی ایجاد سے پہلے کے زمانے کا مطالعہ پیش کرتی ہے۔ ملیح مسیح الزماں نے اس انگریزی کتاب کا ترجمہ سلیس اور شگفتہ اردو میں کیا ہے اور اسے مرکزی اردو بورڈ دہلی نے شائع کیا ہے۔

ابن انشاء پر پی ایچ ڈی کا مقالہ

گورنمنٹ کالج فیصل آباد کے استاد ریاض احمد ریاض نے ابن انشاء کے احوال و آثار اور فکر و فن پر ایک ہزار صفحات کا مبسوط مقالہ لکھ کر پنجاب یونیورسٹی میں پی ایچ ڈی کی ڈگری کے لئے پیش کر دیا ہے۔ اس مقالے کی تحقیق کے دوران انہوں نے ابن انشاء پر بہت سا مواد جمع کیا تھا۔ اس مواد کا ایک حصہ انہوں نے "خط انشاء جی" کے نام سے شائع کر دیا ہے۔ ریاض احمد ریاض کا سفرنامہ "بریلی سفر" اس سے قبل سرگودھا بورڈ سے انعام حاصل کر چکا ہے۔

ڈاکٹر وزیر آغا کے مزید خطوط

ڈاکٹر انور سدید ڈاکٹر وزیر آغا کے خطوط مرتب کرنے کے بعد ان دنوں ڈاکٹر صاحب کے مزید خطوط کا ایک نیا مجموعہ مرتب کر رہے ہیں۔ انہوں نے درخواست کی ہے کہ اگر کسی کے پاس ڈاکٹر صاحب کے خطوط موجود ہوں تو مندرجہ ذیل پتہ پر بھیجے جائیں۔ نقول تیار کرنے کے بعد خطوط بحفاظت واپس بھیج دیئے جائیں گے۔ ڈاکٹر انور سدید کا پتہ یہ ہے۔

۱۸۔ ۸۔ شیلی۔ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور ۱۸

نقوش

مدیر نقوش محمد طفیل "نقوش" کے ضخیم اور یادگار "رسول نمبر" کی تکمیل کے بعد اب "قرآن نمبر" کی تیاری میں مصروف ہیں۔ یہ نمبر ۱۵ جلدوں پر مشتمل ہو گا۔

ادب و ثقافت

قمر جمیل نے کالم نگاری چھوڑ دی شاعری کیوں نہیں چھوڑی؟

ہمارے بعض قارئین کی ستم ظریفی ملاحظہ ہو کہ خط لکھ کر ہماری معلومات کا امتحان لیتے رہتے ہیں۔ کبھی کوئی پوچھتا ہے کہ قمر جمیل نے کالم نگاری چھوڑ دی؟ شاعری کیوں نہیں چھوڑی؟ کوئی سوال کرتا ہے کہ کیا فنون اور دبستان سرگودھا کو الگ ایک دوسرے میں ضم کر دیا جائے تو کیا ہوگا؟ کسی کا مسئلہ یہ ہے کہ پیر زادہ صاحب نے اپنی تقریروں اور بیانات میں منفرد مزاح کا جو اعلیٰ معیار قائم کیا ہے اس کی بنا پر انہیں اکیڈمی آف لیٹرز اور نیشنل بک کونسل کا نگراں اعلیٰ مقرر کر دیا جائے تو ادیبوں کو کوئی اعتراض تو نہیں ہوگا؟

اس قسم کے سوالوں کو ہم جمع کرتے جا رہے ہیں۔ انشاء اللہ حسب توفیق آئندہ کسی کالم میں ان کا جواب دیا جائے گا۔ اس وقت ایک ایسا سوال در پیش ہے جس کا جواب دینے سے ہم قاصر ہیں۔ شاعر اور افسانہ نگار پاشا جہاں نے واجدہ تبسم کے ایک مضمون کا اقتباس بھیجا ہے جو بیٹھے بٹھائے فن اور شخصیت کے ساتھ شائع ہوا ہے۔ اس اقتباس میں ایک پاکستانی شاعر کا ذکر ہے۔ پاشا جہاں صاحب نے پوچھا ہے کہ یہ پاکستانی شاعر کون ہے؟ اگر کوئی صاحب پاشا جہاں صاحب کے سوال کا صحیح جواب فراہم کر سکیں تو انہیں شاعر مذکور کے تمام مجموعہ ہائے کلام تحفۃً پیش کیے جائیں گے۔ واجدہ تبسم کے مضمون کا اقتباس یہ ہے۔

[illegible]

تندرو رکھنے کے لیے اپنی انا کو بھی مار اور مرحوم صاحب نے بیاد کو نکالا جس کا معروف دم توڑتے ہوئے ادبی رسائل کو زندگی کی رمق مل سکتی تھی۔۔۔ پانچ برس پہلے جب اہل قلم کانفرنس میں صدر صاحب نے ارشاد فرمایا کہ ادبی رسائل کے مسائل حل کر دیے گئے ہیں تو ہم ایسے ساده لوحوں نے بہت تالیاں بجائیں اور آپس میں مبارک سلامت کے ڈونگرے بھی برسائے۔۔۔ مگر نتیجہ کچھ بھی نہ نکلا۔ معاف کیجیے ایک نتیجہ ضرور نکلا کہ سہ ماہی تخلیق انتہائی ناسازگار حالات کے باوجود چھپنے والا رسالہ تخلیق آخر کار دم توڑ گیا ہے۔

سخن در سخن

خامہ بگوش کے قلم سے

[illegible]

ڈاکٹر منیب الرحمٰن

باقر نقوی

ان کی نظموں میں احساسات کا سمندر اور خیالات کے جزیروں کا لامتناہی سلسلہ ملتا ہے

ڈاکٹر منیب الرحمٰن پچھلے پچاس برس سے شعر، اردو ادب اور اپنے تراجم کے حوالے سے پہچانے جاتے ہیں۔ ابھی تک ان کے صرف دو مجموعے "بازدید" اور "شہر گمنام" شائع ہوئے ہیں اور یہ مجموعے بھی بہت مختصر ہیں۔ منیب الرحمٰن نظم کے شاعر ہیں۔ ان کی نظمیں نہ روایتی ہیں اور نہ ہی پست جدید۔ انہوں نے روایت اور جدیدیت کے درمیان کا راستہ اختیار کیا ہے اور جو کچھ لکھا ہے بہت سوچ سمجھ کر لکھا ہے۔ ان کی نظموں میں

[illegible]

نذرِ اقبالؒ

سید اقبال عظیم

اک مفکر، ایک اقلیمِ سخن کا تاجدار
ایک حق آگاہ مومن، اک فقیرِ باوقار
جس کے دل میں سوز تھا، اخلاص تھا، ایمان تھا
اپنے ہی لفظوں میں جو تارا روز تھا، قرآن تھا
جو شناسائے ضمیرِ حال و استقبال تھا
جو فقط شاعر نہیں تھا، قوم کا اقبال تھا

[illegible]

ناگزیر

جب جلے تازہ شگوفوں کا جمال
جب نگاہوں سے چھلکنے لگے پھولوں کی حالت
جب قدم بھی کشش منزلِ جاناں کھو دیں
دل وحشی بھی اور آگ کی آنکھ مچولے
بات ڈھونڈنے نکلے تو تماشا بن جائے
زیبِ امکاں سے گریزاں ہو ہر ایک خواب وفا
جب تمنا صدفِ غم میں ہی محصور رہے
جب مقدر شبِ دیجور رہے
جب کرو لوانے سے الجھیں کبھی زنجیر دل سے
شہر طوفان کی زد میں ہوگا!

کشور ناہید

سلیقہ عشق میں میرا بڑے کمال کا تھا!
کہ اک چراغ بھی گھر میں جو تھا خیال کا تھا
میں اپنے نقشِ جمال تمام عمر جس کو تکتی رہی
وہ آئینہ تو کسی اور خد و خال کا تھا!
رتوں میں گرتی رہیں پیرہن کو لو اٹھ کر
گماں ہے میرے زخموں کے اندمال کا تھا
یہ اور بات کہ اب چشم پوشی ہو جائے
سبھی کو علم ہے یہ بھی ہلالِ سال کا تھا
جسے تیری دوری و قربت کا کوئی خبر نہ تھی
سوا ہے سحر سے پوچھ کر تیرے خصال کا تھا
محبتوں میں تو کامل تھی اپنے تھکنے کی
جواب تو میرے پاس ہر سوال کا تھا

شاہدہ حسن

بہ خوشی

[illegible]

کھانے کے بعد کیا ہوا؟

[illegible]

لندن میں "اقبال شناسی" کے لئے "اقبال فاؤنڈیشن" کے قیام کا اعلان

اسلام کی نشاۃ ثانیہ پر فکر اقبال کا جو حصہ ہے اس کا تقاضا ہے کہ اسے مسلم کے ہر طبقہ کے سامنے پیش کیا جائے۔ فاؤنڈیشن ہر سال یادگار لیکچر کا اہتمام کرے گی

ڈاکٹر کلیم صدیقی

علامہ اقبال قومیت کے نظریے کو اسلام کے خلاف سمجھتے تھے

علامی سیمینار سے ڈاکٹر کلیم صدیقی، پروفیسر افتخار، شریف بقا، اصغر عابدی، مسٹر دہلوی اور علی پاپا کا خطاب، سیمینار کے بعد مشاعرہ کا انعقاد

پاکستان کی موجودہ سول حکومت ایک مذاق ہے، غلام مصطفیٰ جتوئی

بالادستی مارشل لاء کو حاصل ہے۔ ہم بیرک کا رول سے براہ راست بات چیت کے حامی ہیں

سیاسی جماعتوں کا اتحاد ناکام ہو گیا تو یہ پاکستان کی ناکامی ہو گی

جماعت اسلامی کے لئے دستور کا مسودہ تیار کیا جا رہا ہے

جنرل مجیب الرحمٰن سیکرٹری وزارت ثقافت و سیاحت

شاہنواز بھٹو

شاہنواز نے بیٹی کا نام سسی کیوں رکھا؟

حج بیت اللہ شریف

حج بیت اللہ شریف کے لئے بروقت اور سستے ترین نرخوں پر ٹکٹ

حاصل کرنے کیلئے ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں

ہمارا مشورہ اور آپ کی بچت

دنیا کے کسی بھی ملک کے لئے ٹکٹ خریدنے سے قبل ہم سے مشورہ ضرور کریں۔

WORLD WIDE

پی آئی اے کے واحد منظور شدہ ایجنٹ

Cumberland Travels Ltd

50 Cumberland Street
Toronto, Ontario
Canada M4W 1J5
Phone: (416) 922-5339

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

FOR ALL YOUR DRUG STORE NEEDS

THREE LOCATIONS TO SERVE OUR MUSLIM BROTHERS & SISTERS FOR

- PRESCRIPTIONS (We accept all drug plans)
- HEALTH AND BEAUTY AIDS
- GREETING CARDS
- FILM PROCESSING

PROPRIETOR: Asif KHAN

STRADER'S DRUG MART
1160 Danforth Ave.
Tel: 465-5937

PEOPLES DRUG MART
3447 Kennedy Rd. (S. of Steeles)
Tel: 299-6418

HUNTINGDALE DRUG MART
3065 Pharmacy Avenue
(Just North of Finch Ave.)
Tel: 491-6011

Complete Collision Service

- WE DO INSURANCE CLAIMS
- SPECIAL ON COMPLETE PAINT 399.00
- FREE PIN STRIPING ETC.

EXPIRES ON AUGUST 31, 85

CALL
MOHAMMAD MUNIR
759-5810
(Res: 266-6428)

M & D
AUTO BODY REPAIR
260 MIDWEST RD., UNIT 5
SCARBOROUGH, ONT. M1P 3B4

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

پندرہ روزہ

الہلال

دعا کی تعلیم

[illegible]

تجوٹ اور ایمان

[illegible]

فرمانِ رسولؐ

[illegible]

بیکسوئی

[illegible]

یہ بھی حکمران تھے

[illegible]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اگست ۱۹۴۷ء یادگار تصاویر



۱۴ اگست ۱۹۴۷ء

اگست کی چلچلاتی دھوپ میں فرنٹیر میل دہلی سے ہوتی ہوئی جب لاہور اسٹیشن پہنچی تو اس سے کوئی مسافر نہیں اترا۔ پوری ٹرین مسافروں سے بھری ہوئی تھی [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

Fortnightly
al-hilal
50¢ Vol.14 No.10 August 10, 1985
Telephone: (416) 493-4374 474-9292
338 Hollyberry Trail, Ont. Canada M2H 2P6

۲۳ مارچ سے قبل مارشل لاء کے خاتمہ کا امکان نہیں

سیاسی پارٹیوں کی بحالی کا نیا قانون، متعلقہ آئینی ترمیم اور انتظامی تبدیلیوں میں کئی ماہ لگ جائیں گے

پیر پگارا نے مسلم لیگ کی صدارت چھوڑنے سے انکار کر دیا

صدارت سے دستبردار ہونے پر آمادہ کرنے کے لئے وزیر اعظم جلد پیر صاحب سے دوبارہ ملاقات کریں گے

دور حاضر کی اسلامی تحاریک سیاست کے باعث ناکام ہوئیں

وقت کا تقاضہ ہے کہ تمام تحاریک عالمی تحریک اسلامی بن جائیں

لاڑکانہ میں سرکاری اہلکاروں کو دوبارہ ہنگامی ڈیوٹی پر طلب کر لیا گیا

شاہنواز کی میت آنے کی اطلاع پر سرکاری انتظامات کا جائزہ

گدھا بم

وطن واپس جانے والے پاکستانیوں کی بحالی کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں

پاکستان اور سعودی عرب کے رشتے استوار ہوں گے۔ وزیر اعظم جونیجو



اسلام کے موضوع پر منعقدہ آخری اجلاس سے ایک منظر

جنرل عارف کو امریکہ کا اعلیٰ ترین اعزاز دیا گیا

مسلم لیگ کا نام "مطالبہ لیگ" رکھ دینا چاہیے: پروفیسر غفور

پارلیمانی گروپ بنانے کا اسٹنٹ ناکام ثابت ہو چکا ہے

شوہر سے نفرت ہو جائے تو شادی فسخ ہو سکتی ہے

لاہور ہائی کورٹ کی عدالت نے بیگم کے حق میں فیصلہ سنا دیا

ہنڈا موٹر سائیکلوں کے انجن پاکستان میں بنائے جائیں گے

پنجاب میں نظم و نسق تباہ کرنے کا منصوبہ بنانے والے ساٹھ افراد گرفتار

بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان
پندرہ روزہ
ٹورانٹو (کینیڈا)
الہلال
سالانہ زرخریداری (برائے الہلال) ۱۷ ڈالر
سالانہ زرخریداری (برائے کریسنٹ) ۲۰ ڈالر
سالانہ زرخریداری (برائے الہلال و کریسنٹ) ۳۵ ڈالر
Name
Address
Postal Code Telephone
زرخریداری کا چیک "کریسنٹ" کے نام لکھ کر اس پتہ پر بھیجئے:
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ontario
Canada, M2H 2P6 Ph: (416) 474-9292, 493-4374
اگر آپ اسلامی تحریک کے بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی) بطور نمونہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگا دیجئے

Managing Editor: M Lateef Owaisi